A

സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

910

പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണ്ണയം 2023-24

ക്ലാസ്സ് : IX

ഉർദു

സമയം : 1 ½ മണിക്കൂർ

ആകെ സ്കോർ : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

* ആദ്യ 15 മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
* ചോദ്യങ്ങളും നിർദ്ദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവ്വം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
* ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

---

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x1=3

1 گلشن میں رنگ تیرا ہر گل میں تیری بو ہے 1

ہر سمت تیرا جلوہ ہر شے میں تو ہی تو ہے

بچّو، یہ کس نظم کا شعر ہے؟ [مٹی کا دیا، مٹی میں جان آگئی، دل کی آنکھیں]

2 آسمان پر کالی گھٹائیں چھانے لگیں تو جاوید میاں کا دل باغ باغ ہو گیا۔ 1

بچو، اس جملے میں 'باغ باغ ہونا' کا مطلب کیا ہے؟

[بہت خوش ہونا، بہت غصہ ہونا، بہت دکھ ہونا]

3 " خدا سے دعا کیجیے کہ اپنا کھانا شریفانہ رہے۔ جھوٹ، چوری اور رشوت سے پاک رہے۔" 1

یہ کس کا قول ہے؟ [بھگوان داس، بھاگمتی، ساوتری]

4 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ [نظم، افسانہ، کہانی] 1

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

5 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔ 2

الف	ب
دل کی آنکھیں	مولانا الطاف حسین حالی
امتحان	نازاں جمشید پوری
مٹی میں جان آگئی	فرحت اللہ بیگ
مٹی کا دیا	اسماعیل میرٹھی

6 شعر غور سے پڑھیے۔ مناسب شاعر کا نام جوڑ کر لکھیے۔ 2

[اسماعیل میرٹھی، نازاں جمشید پوری، مولانا الطاف حسین حالی]

یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا	....
گھٹا کے جو آنے کی آہٹ ہوئی تو بے جان مٹی میں جان آگئی	....

7 مناسب کردار کا نام چن کر خانہ بھریے۔ [بھاگمتی، شیام، جاوید میاں] 2

بوندھوں کی جھجھاہٹ	بیانیہ	....
اسکاٹ لینڈ کا راجا	کہانی	....

8 نیچے چند نام دیے ہیں۔ ان میں سے شاعروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

[نازاں جمشید پوری، فرحت اللہ بیگ، پریم چند، علامہ اقبال]

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

9 کہانی 'امتحان' آپ نے پڑھی ہے نا؟ رضیہ اس کہانی کا ایک کردار ہے۔ 3

a) کہانی 'امتحان' کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

10 جملے غور سے پڑھیے۔ ان کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

a) آدمی وہی ہے جو آدمی کے کام آئے۔

b) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

11 3

دنیائے رنگ و بو سے مجھ کو غرض ہی کیا ہے
تیری ہی جستجو ہے تیری ہی آرزو ہے

a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) 'دنیائے رنگ و بو' سے شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟ دو تین جملے لکھیے۔

12 بھگوان داس صبح سویرے مچھلی پکڑنے گیا۔ لیکن آج اس کو ایک بھی مچھلی نہ ملی۔ تھکے ہارے وہ گھر واپس آیا اور سوچنے لگا...... اے خدا میں کیا کروں......؟ 3

اس وقت بھگوان داس کے دل میں کیا کیا خیالات ابھر آئے ہوں گے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

13 پرانے زمانے میں ہم تالاب اور ندی نالوں میں تیرتے اور نہاتے تھے۔ پانی کی وہ صاف اور شفاف لہریں، آج بھی مجھے یاد آرہی ہے۔ جاوید میاں اپنے گاؤں کے بارے میں یاد کر رہا ہے۔ 3

بچّو، آپ بھی اپنے گاؤں یا شہر کے بارے میں ایک نوٹ تیار کیجیے۔

14 3

زمین سبزے سے لہلہانے لگی کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی

جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل عجب بیل پتے عجب پھول پھل

اس شعر میں شاعر پہلی بارش میں زمین پر آنے والی تبدیلیاں بیان کرتا ہے۔ وہ کیا کیا ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

15 3

یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے

روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

a) اس کا شاعر کون ہے؟

b) اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ 'مٹی کا دیا' محلوں کے جھاڑوں اور فانوس سے بہتر ہے۔ کیوں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی 4 کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ **4x4= 16**

16 ہندوستان میں دیوالی جیسے مختلف تہوار منائے جاتے ہیں۔ تہوار ہماری تہذیب کی نشانی ہے۔ 4

a) بچّو، چار تہواروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک تہوار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔۔

17 لاکلاس کا امتحان پاس ہو کر لڑکا خوشی خوشی گھر آیا۔ بھائی جان کو دیکھ کر اس کی بہن رضیہ نے پوچھا۔۔۔ 4

رضیہ : کہو بھائی جان، پاس ہو گئے؟

بھائی جان : ....

بچّو، بھائی جان اور رضیہ کی گفتگو آگے بڑھایئے۔

18 آج کل ندی نالوں کا پانی گندا ہو رہا ہے۔ ندی نالوں کی حفاظت کے لیے ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ 4

بچو، جلوس کے لیے دو نعرے تیار کیجیے۔

جیسے : پانی انمول نعمت ہے۔

19 اشاروں کی مدد سے شاعر اسماعیل میرٹھی کے بارے میں سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

<u>اسماعیل میرٹھی</u>

نام	:	اسماعیل میرٹھی
پیدائش	:	1844ء کو میرٹھ
والد کا نام	:	شیخ پیر بخش
شہرت	:	بچّوں کا شاعر
وفات	:	1917ء کو

20 عبارت غور سے پڑھیے اور اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

میری عمر کوئی سترہ سال کی تھی۔ انٹرنس کا امتحان پاس کر لیا تھا۔ یکایک والد کا انتقال ہو گیا۔ گھر میں میری والدہ صاحبہ تھیں، میں اور میری چھوٹی بہن رضیہ۔ اس کی عمر پانچ سال کی تھی۔ والدہ کے پاس سلائی کا کچھ کپڑا آجاتا۔ اس سے تھوڑا بہت اور جو زیور رہا تھا، اس کو بیچ کر گذارا کرتے۔

[اشارے: کون، کیا، کیسے، کتنی، کب]

21 جاوید میاں کا بیٹا نیوزیلینڈ میں کام کرتا ہے۔ 4

جاوید میاں اپنے گاؤں کی حالت بتاتے ہوئے بیٹے شکیل کے نام ایک خط لکھنا چاہتا ہے۔

بچو، شکیل کے نام ابّا جان کا خط تیار کیجیے۔